

سبق..3

جگنو

جگنو کی روشنی ہے کاشانۂ چمن میں
یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں
آیا ہے آسماں سے اُڑ کر کوئی ستارہ
یا جان پڑ گئی ہے مہتاب کی کرن میں
یا شب کی سلطنت میں دن کا سفیر آیا
غربت میں آ کے چمکا، گمنام تھا وطن میں
تکمہ کوئی گرا ہے مہتاب کی قبا کا
ذرّہ ہے یا نمایاں سورج کے پیرہن میں
حسنِ قدیم کی یہ پوشیدہ اک جھلک تھی
لے آئی جس کو قدرت خلوت سے انجمن میں
چھوٹے سے چاند میں ہے ظلمت بھی روشنی بھی
نکلا کبھی گہن سے، آیا کبھی گہن میں
پروانہ اک پتنگا، جگنو بھی اک پتنگا
وہ روشنی کا طالب، یہ روشنی سراپا

☆ علامہ اقبال

مشق

معنی یاد کیجیے:

کاشانہ — گھر

انجمن — محفل

مہتاب — چاند

سفیر — سفر کرنے والا

گمنام — بے نام

تکمہ — گھنڈی، بٹن

پیرہن — لباس

قدیم — پُرانا

پوشیدہ — چھپا ہوا

خلوت — تنہائی

ظلمت — اندھیرا

سوچیے اور جواب دیجیے:

1۔ جگنو کی روشنی ہمیں کہاں دکھائی پڑتی ہے؟

2۔ پروانہ اور جگنو میں کیا فرق ہے؟

3۔ اِس نظم میں مہتاب کی کرن کسے کہا گیا ہے؟

4۔ جگنو نظم، کس شاعر کی لکھی ہوئی ہے؟

خالی جگہوں کو بھریئے:

1۔ آیا ہے آسماں سے..........کوئی ستارہ (اُتر کر، اُڑ کر)

2۔ یا جان پڑ گئی ہے..........کی کرن میں (مہتاب، آفتاب)

3۔ چھوٹے سے چاند میں ہے......بھی روشنی بھی (قدرت، ظلمت)

مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے:

روشنی، ذرہ، ستارہ، وطن، سورج

واحد الفاظ سے جمع بنائیے:

ستارہ، کرن، دن، جھلک، پروانہ

ان الفاظ کی ضِد لکھیے:

گھر، روشنی، آسمان، شب، قدیم

مصرعوں کو مکمل کیجیے:

جگنو کی روشنی ہے..........چمن میں

یا......جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں

آیا ہے آسماں سے اُڑ کر..........

یا جان......ہے مہتاب کی کرن میں

جواب لکھیے:

1۔ ''آیا ہے آسماں سے اُڑ کر کوئی ستارہ''

اس مصرعہ میں کس کے بارے میں کہا گیا ہے؟

2۔ ''چھوٹے سے چاند میں ہے ظلمت بھی روشنی بھی''

اس کا کیا مطلب ہے؟

غور کیجیے:

''جگنو'' علامہ اقبالؔ کی خوب صورت نظموں میں سے ایک ہے۔ اِس نظم میں انہوں نے جگنو کی خوب صورتی کے ذریعہ خدا کی قدرت پیش کی ہے، جو ایک معمولی کیڑے کی حیثیت رکھنے کے باوجود اپنے اندر ڈھیر ساری خوبیاں اور حسن رکھتا ہے۔ انہوں نے پروانہ اور جگنو کا فرق بتاتے ہوئے کہا ہے کہ پروانہ روشنی مانگتا ہے جبکہ جگنو روشنی پھیلاتا ہے۔ ہمیں بھی جگنو کی طرح تاریکی مٹانے اور روشنی پھیلانے کا کام کرنا چاہئے۔

عملی سرگرمی:

☆ اِس نظم کو زبانی یاد کیجیے اور اپنے اُستاد کو سنائیے...

☆ آپ نے دوسرے پتنگوں سے متعلق کوئی نظم پڑھی ہو، تو اسے درجہ میں خوش خط لکھ کر بلیک بورڈ پر چسپاں کیجیے!